# وہ صورتیں جن میں نماز جماعت جائز نہیں

## وہ صورتیں جن میں نماز جماعت جائز نہیں

مسئلہ۷۰۸۔ طواف کعبہ کی نماز کو جماعت کے ساتھ پڑھنا صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ۷۰۹۔ نماز عید فطر و عید قربان ( جو زمان غیبت میں مستحب ہیں) اور نماز استسقاء ( طلب باران) کے علاوہ کسی بھی مستحب نماز کو جماعت کے ساتھ نہیں پڑھا جاسکتا۔

مسئلہ۷۱۰۔ عید غدیر کی نماز کو جماعت کے ساتھ پڑھنا مشروع نہیں ہے۔

مسئلہ۷۱۱۔ اگر انسان کو یہ علم نہ ہو کہ امام واجب نماز پڑھ رہا ہے یا مستحب تو اس نماز میں اس کی اقتدا نہیں کی جاسکتی۔

مسئلہ۷۱۲۔ یومیہ نماز کو نماز احتیاط ( جو رکعتوں میں شک کی صورت میں پڑھی جاتی ہے) میں اقتدا کرکے نہیں پڑھا جاسکتا اور اسی طرح نماز احتیاط کو یومیہ نماز میں اقتدا کرکے نہیں پڑھ سکتے۔